نیویارک سٹی ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ کا دفتر

اگر آپ نیویارک کے شعبۂ مالیات کے معمول کے ذرائع استعمال کرتے ہوئے ٹیکس کا کوئی مسئلہ حل نہیں کر پائے/پائی ہیں، تو ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ کا دفتر آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

آپ کی پراپرٹی کے بارے میں ضروری معلومات

اگر آپ سمجھتے/سمجھتی ہیں کہ

آپ کی پراپرٹی کی تفصیلات غلط ہیں، تو کیا کرنا چاہیئے

شعبۂ مالیات کے پاس آپ کی پراپرٹی کے بارے میں غلط معلومات ہو سکتی ہیں (مثال کے طور پر مربع فٹ رقبہ، طرز تعمیر وغیرہ)۔ معلومات میں درستگی کے لیے، 1 سے 3 خاندانوں والی پراپرٹیز کے مالکان کو "پراپرٹی کے ڈیٹا کو اپ ڈیٹ کرنے کی درخواست" فارم مکمل کرنا ہو گا۔ 4 سے 10 خاندانوں والی پراپرٹیز کے مالکان کو "پراپرٹی ٹیکس کی تشخیص پر نظرثانی کی درخواست" فارم مکمل کرنا ہو گا۔ فارم nyc.gov/finance پر دستیاب ہیں یا معاونت کے لیے 311 پر کال کریں۔ پانچ بوروز کے باہر سے 212-639-9675 پر کال کریں۔

اگر آپ سمجھتے/سمجھتی ہیں کہ آپ کی مارکیٹ کی قیمت غلط ہے، تو اس صورت میں کیا کرنا چاہیئے

nyc.gov/finance پر دستیاب "پراپرٹی کی قیمت پر نظرثانی کی درخواست" فارم مکمل کریں۔

اگر آپ سمجھتے/سمجھتی ہیں کہ آپ کی تشخیص کردہ یا مستثنیٰ قیمت غلط ہے یا آپ کو استثنا دینے سے انکار کیا گیا ہے، تو اس صورت میں کیا کرنا چاہیئے

آپ NYC ٹیکس کمیشن کے پاس اپنا اعتراض جمع کروا سکتے ہیں۔ nyc.gov/html/taxcomm پر NYC ٹیکس کمیشن کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں یا مزید معلومات کے لیے 311 پر کال کریں۔

NYC Department of Finance

ٹیکس کے مسائل

* پراپرٹی ٹیکس
* ٹیکس کی ادائیگی
* پراپرٹی ٹیکس سے استثنا
* پراپرٹی ٹیکس میں تخفیف
* کاروباری ٹیکس
* آڈٹ
* جمع کرنا
* کرایہ منجمد ہونا

ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ کا دفتر کب آپ کی مدد کر سکتا ہے؟

آپ کا مسئلہ مندرجہ ذیل رہنما اصولوں میں سے کم از کم ایک پر پورا اترنا چاہیئے:

1- آپ نے شعبۂ مالیات کے ساتھ اپنی انکوائری یا شکایت کے حل کے لیے مناسب طور پر کوشش کی ہو۔ آپ کی انکوائری یا شکایت کا ازالہ نہ کیا گیا ہو یا آپ کو بروقت جواب نہ ملا ہو۔

2- آپ سمجھتے/سمجھتی ہیں کہ آپ یہ ثابت کر سکتے/سکتی ہیں کہ شعبۂ مالیات غیر منصفانہ یا غلط انداز سے ٹیکس کے قوانین، ضوابط یا پالیسیوں کا اطلاق کر رہا ہے، اورآپ کے **ٹیکس دہندہ کے حقوق** کو نقصان پہنچا چکا ہے یا پہنچائے گا۔

3- آپ کو کسی ایسے قرض کی وجہ سے، جو آپ سمجھتے/سمجھتی ہیں کہ واجب الادا نہیں ہے، شعبۂ مالیات کی جانب سے فوری ضرر رساں کارروائی (مثلاً آپ کی رقوم یا پراپرٹی کی قرقی) کا خطرہ ہو۔

4- آپ کو کسی ایسے قرض کی وجہ سے، جو آپ سمجھتے/سمجھتی ہیں کہ غلط، غیر منصفانہ یا غیر قانونی ہے، شعبۂ مالیات کی جانب سے فوری ضرر رساں کارروائی (مثلاً آپ کی رقوم یا پراپرٹی کی قرقی) کا خطرہ ہو۔

5- آپ سمجھتے/سمجھتی ہیں کہ آپ یہ ثابت کر سکتے/سکتی ہیں کہ اگر ریلیف عطا نہ کیا گیا تو آپ ایسے نقصان سے دوچار ہوں گے/گی جو ناقابل تلافی یا لمبی مدت کے لیے نقصان دہ اثر کا حامل ہو گا۔

6- آپ سمجھتے/سمجھتی ہیں کہ آپ یہ ثابت کر سکتے/سکتی ہیں کہ آپ کا مسئلہ آپ کے جیسے دوسرے ٹیکس دہندگان پر بھی اثرانداز ہو رہا ہے اور یہ مسئلہ شعبۂ مالیات کے نظاموں یا افعال کے ساتھ وابستہ ہے۔

7- آپ سمجھتے/سمجھتی ہیں کہ آپ یہ ثابت کر سکتے/سکتی ہیں کہ آپ کے کیس کے غیر معمولی حقائق ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ کے دفتر سے مدد کا جواز پیش کرتے ہیں۔

8- آپ سمجھتے/سمجھتی ہیں کہ آپ یہ ثابت کر سکتے/سکتی ہیں کہ اس بات کی ایسی پرزور عوامی پالیسی کی وجہ موجود ہے کہ آپ کو ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ کے دفتر سے مدد ملنی چاہیئے۔

مالیات سے رابطہ کریں

http://www1.nyc.gov/site/finance/about/contact-us.page

ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ کا دفتر آپ کی مدد نہیں کر سکتا، اگر:

- آپ نے شعبۂ مالیات کے معمول کے ذرائع سے داد رسی حاصل کرنے کی مناسب طور پر کوشش نہیں کی ہے، بشمول 3-1-1 پر کال کرنا۔
- آپ قانونی یا ٹیکس کی تیاری میں مشورے کی تلاش میں ہیں۔
- آپ ٹیکس کمیشن، ٹیکس اپیلز ٹریبونل یا ریاست نیویارک کی کسی عدالت میں کیس دائر کرنے کی کوشش کر رہے/رہی ہیں یا دائر کر دیا ہے۔
- آپ ٹیکس کمیشن، ٹیکس اپیلز ٹریبونل یا ریاست نیویارک کی کسی عدالت کے ناموافق فیصلے کے خلاف اپیل کی کوشش کر رہے/رہی ہیں۔
- آپ دعویٰ کر رہے/رہی ہیں کہ NYC کا ٹیکس کا کوئی قانون یا ٹیکس کا نظام ریاست نیویارک یا ریاستہائے متحدہ کے آئین کی خلاف ورزی کرتا ہے۔
- ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ کا دفتر یہ تعین کرتا ہے کہ آپ کی انکوائری کا نقطہ ارتکاز ایسی غیر سنجیدہ حکمت عملیوں پر ہے جن کا مقصد نیویارک سٹی کے ٹیکسوں سے بچنا یا ان کی فائلنگ یا ادائیگی میں تاخیر کرنا ہے۔

مدد کی درخواست کرنے کے لیے:

ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں اور DOF 911 فارم "ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ کے دفتر سے معاونت کی درخواست" مکمل کریں۔

ویب سائٹ:

www.nyc.gov/taxpayeradvocate

ای میل:

DOFTaxpayerAdvocate@finance.nyc.gov

فون: (212) 312-1800 یا 3-1-1

فیکس: (646) 500-6907 یا (212) 312-6598

درخواست اس پتے پر بھجوائیں:

The Office of the Taxpayer Advocate
253 Broadway, 6th Floor
New York, NY 10007

براہ کرم نوٹ کریں: ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ کا دفتر پارکنگ ٹکٹ سے متعلقہ انکوائریوں یا شکایات کے سلسلے میں آپ کی مدد نہیں کر سکتا۔ اگر آپ کا مسئلہ NYC نجی انکم ٹیکس یا سیلز ٹیکس سے متعلق ہے، تو براہ کرم ریاست نیویارک کے ٹیکس دہندگان کے حقوق کے ایڈووکیٹ کے دفتر سے (518) 530-4357 پر رابطہ کریں۔ اگر آپ کا مسئلہ وفاقی انکم ٹیکس سے متعلق ہے، تو براہ کرم ٹیکس دہندگان کی قومی سروس سے 1-877-777-4778 پر ٹال فری رابطہ کریں۔

جب آپ اپنے طور پر شعبۂ مالیات کے ساتھ اپنے NYC کے ٹیکس کے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کر چکے ہوتے / ہوتی ہیں، تو اس کے بعد ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ کا دفتر آپ کی مدد کے لیے دستیاب ہوتا ہے۔